تبصرے

ترجمان القرآن : از مولانا ابوالکلام آزادؒ جلد دوم تقطیع متوسط ضخامت ۱۸۴ صفحات ٹائپ جلی - طباعت اور کاغذ اعلیٰ - قیمت مجلد ۲۲ روپئے - پتہ :- ساہتیہ اکاڈمی - رابندرا بھون - نئی دہلی -

ساہتیہ اکاڈمی نئی دہلی نے مولانا ابوالکلام آزادؒ کی تمام کتابوں اور تحریروں کو نہایت اعلیٰ انتظام اوراہتمام کے ساتھ شائع کرنے کا جو منصوبہ بنایا ہے یہ کتاب اُس سلسلہ کی دوسری کڑی ہے اس سے پہلے اسی کتاب کی پہلی جلد جو سورۂ فاتحہ کی تفسیر پر مشتمل ہے شائع ہو کر سرمۂ اہلِ بینش و نظر ہو چکی ہے - ترجمان القرآن اصلاً تین جلدوں میں شائع ہوا تھا - اکاڈمی نے مطالعہ کی سہولت کی خاطر جلد اول کو تو یوں ہی رہنے دیا ہے - باقی دو جلدوں کی چار جلدیں بنا دی ہیں - جن میں سے پہلی جلد یہ ہے جو سلسلہ کی جلد دوم ہے اور سورہ بقرہ سے سورۂ انعام تک کے ترجمہ اور تفسیری حواشی پر محیط ہے - اکاڈمی نے جو اہتمام کیا ہے اُس کی وجہ سے کتاب ماڈرن طریقہ پر بالکل اپ ٹو ڈیٹ ہو گئی ہے - چنانچہ شروع میں ۸ صفحات میں مضامین کی فہرست ہے - اس کے بعد متن کتاب کے خاتمہ پر ۵ صفحات میں اُن تمام عبارتوں کی فہرست ہے جو کتاب کے پہلے اور دوسرے اڈیشنوں میں گھٹی یا بڑھی ہیں - اس کے بعد اشاریہ ہے نفس کتاب جس پایہ کی ہے اُس کے متعلق کچھ لکھنے کی ضرورت نہیں ہے کم از کم اردو میں یہ پہلی تفسیر ہے جس میں قرآن کو اُس کی اصل اسپرٹ میں (کلامی ، فقہی اور فنی مباحث سے بلند رکھ کر) سمجھنے کی کوشش کی گئی ہے - اکاڈمی اس اہتمام پر شکریہ کی مستحق ہے -

غبارِ خاطر : تقطیع متوسط - ضخامت ۱۰۴ صفحات - کتابت و طباعت و کاغذ اعلیٰ -

قیمت مجلد دس روپئے۔

یہ وہی اردو ادب و انشا کی مشہور و معروف شاہکار کتاب ہے جس کو مولانا ابوالکلام آزاد احمد نگر جیل سے ارباب ذوق و نظر کے لئے اک ارمغانِ گراں سامان کے طور پر ساتھ لائے تھے۔ ساہتیہ اکادمی کی طرف سے اُردو زبان کے نامور محقق اور ادیب مالک رام صاحب نے اس کتاب کو جس محنت اور عرق ریزی سے اڈٹ کیا ہے اُس کا اندازہ اس سے ہوگا کہ غبار خاطر میں کم و بیش ہر پیراگراف میں عربی، فارسی یا اُردو کا کوئی شعر ہے۔ یا کسی مشرقی یا مغربی مصنف اور اُس کی کسی عبارت یا اُس کی کسی رائے کا تذکرہ درمیان ہے۔ مالک رام صاحب نے ان سب کی (باستثنائے چند) تخریج کی ہے اور اُن کے مکمل حوالے نقل کئے ہیں۔ یہ حواشی سو صفحات میں پھیلے ہوئے ہیں جن میں مُرتب نے اُن بعض مسامحات کی تصحیح بھی کر دی ہے جو مولانا سے ارتجالاً اور محض اپنے حافظہ پر اعتماد کر کے لکھنے کی وجہ سے سرزد ہو گئے تھے۔ اس کے بعد پانچ فہرستیں بترتیب ذیل ہیں:۔ (۱) فہرست اعلام ۔ ۷ صفحات (۲) فہرست بلاد و اماکن ۴ صفحے (۳) فہرست آیاتِ قرآنی ۲ صفحے (۴) کتاب کے متن میں جن کتابوں کے نام آئے ہیں اُن کی فہرست ۲ صفحے (۵) حواشی کے مآخذ کی فہرست ۹ صفحے جن میں پونے دو سو عربی فارسی اُردو انگریزی کی کتابوں اور چند رسائل کا مکمل تذکرہ ہے۔ اس شکل و صورت میں غبارِ خاطر کا یہ اڈیشن علم و ادب کے اصحاب ذوق کے لئے ایک نعمتِ غیر مترقبہ اور تحفۂ شائگان بن گیا ہے۔

انوارِ اقبال: مرتبہ جناب بشیر احمد صاحب ڈار۔ تقطیع متوسط۔ ضخامت ۳۴۸ صفحات کتابت و طباعت اعلیٰ۔ قیمت مجلد بارہ روپیے۔ پتہ:۔ اقبال اکادمی پاکستان کراچی ۔۲۹

اقبال کے خطوط۔ متفرق تحریروں اور کمیاب منظومات کے متعدد مجموعے شائع ہو چکے ہیں لیکن پھر بھی بہت سی تحریریں ایسی ہیں جو ان مجموعوں میں شامل ہونے سے رہ گئی تھیں اب ان کی رہی سہی کسر ڈار صاحب نے پوری کر دی چنانچہ یہ مجموعہ مرحوم کے ان خطوط۔ مضامین۔ تقاریظ اور اشعار پر مشتمل ہے جو اب تک کہیں چھپے ہی نہیں تھے۔ یا چھپے تھے تو کسی مجموعہ میں شامل نہیں تھے۔ ان کے علاوہ کتاب میں چند نادر دستاویزیں مثلاً اقبال کے اپنے ہاتھ سے لکھے ہوئے اشعار اور تحریریں۔ بعض نوٹ اور یادداشتیں۔ ان نوادر کے عکس